**UNIVERSITY ACCESS TO LOCAL FARMERS, COMMUNITY & FOOD PRODUCERS – 2024**

In 2024, the University of Poonch Rawalakot strengthened its engagement with local farmers, community members, and food producers through continuous follow-up and field-based support. Trained farmers were provided with quality plant stock and on-farm technical assistance to help them adopt commercial-scale production of various crops. The University also facilitated soil fertility testing, water quality analysis, and milk testing services to ensure improved agricultural outcomes.

Through its Faculty of Agriculture outreach program, the University continued to offer free technical guidance on seed selection, efficient fertilizer use, and integrated disease management directly at farmers' doorsteps. These efforts aim to enhance crop productivity, promote sustainable practices, and support the livelihoods of farming communities across the region.








RTIFIED Daily PEARL VIEW Ra

ایڈیٹرانچیف: شفقت ضیاء

راولاکو


# شہد کی مکھیوں کی تجارتی بنیادوں پر افزائش کیلئے جامعہ پونچھ میں تربیتی ورکشاپ

دوروزہ ورکشاپ میں خواتین کو پہاڑی اور یورپین مکھیوں کی دیکھ بھال ،شہد کے حصول کی عملی مشق ،4ہائیوز ،مکمل کٹ فراہم

**زیادہ پیداوار کیلئے روایتی طریقہ ترک کرنا ہوگا،افتتاحی تقریب سے ڈاکٹر ناصر رحیم ،ڈاکٹر جمیل احمد،ڈاکٹر خالد رفیق اور دیگر کا خطاب**

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی فیکلٹی آف ایگریکلچر کے شعبہ انٹامولوجی میں غیر سرکاری تنظیم"ہیومن اپیل" اور نیشنل ایگریکلچر ریسرچ کونسل (این اے ارسی) کے تعاون سے "شہد کے مکھیوں کو تجارتی بنیادوں پر کیسے پالا جائے اور گھریلو صنعت کے فروغ" کے موضوع پر"خواتین کیلئے مخصوص" دوروزہ تربیتی ورکشاپ میں فارمرز خواتین کو پہاڑی مکھیوں (سرانا) اور یورپین مکھیوں ( میلی فیرا) کی جدید سائنسی انداز میں پرورش کے طریقوں (بقیہ 09 صفحہ 03 )



راولاکوٹ: ڈین ایگریکلچر فیکلٹی جامعہ پونچھ ڈاکٹر ناصر رحیم ،ڈاکٹر جمیل احمد،ڈاکٹر خالد رفیق ،ڈاکٹر جنید رحیم ،ڈاکٹر عمر ایاز شیخ اور دیگر بی کیپنگ ورکشاپ کے افتتاحی سیشن سے خطاب کررہے ہیں



،رہن سہن ،غذائی ضروریات ،ماحول ،شہد کے حصول کے طریقہ کار سمیت تمام امور سے متعلق عملی تربیت دی گئی ۔جبکہ تربیت حاصل کرنیوالی ہر ایک خاتون کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے تیار کردہ چار ہائیوز (Hives) باکس ،جن میں دو "ہائیوز" میلی فیرا مکھیوں سمیت دیے گئے ۔تربیت حاصل کرنے والی خواتین کو مکمل کٹ بھی فراہم کی گئی ۔ورکشاپ کی افتتاحی تقریب سے ڈین فیکلٹی آف بیسک سائنسز پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم ،سابق رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر جمیل احمد ،ریسورس پرسن ڈاکٹر خالد رفیق ،انچارج ورکشاپ و چیئرمین شعبہ انٹامولوجی ڈاکٹر جنید رحیم ،فوکل پرسن ڈاکٹر عمر ایاز اسلم شیخ ،ہیومن اپیل کے لائیولی ہوڈ منیجر ڈاکٹر شاہد نظیر ،منیجر کفالہ فاؤنڈیشن ڈاکٹر محمد لیاقت اور دیگر نے بھی خطاب کیا ۔اس موقع پر "ہیومن اپیل" کے ڈسٹرکٹ پروگرام منیجر عثمان حفیظ دیگر عہدیداران سمیت مکھیوں کی افزائش پر کام کرنیوالے فارمرز اور دیگر بھی موجود تھے ۔افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈین ایگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم نے ورکشاپ کیلئے تعاون پر ہیومن اپیل اور "این اے ارسی" سمیت ڈونرز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ پونچھ کی ایگریکلچر فیکلٹی میں ہم تواتر کیساتھ ایسی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کرتے ہیں ۔جس میں متعلقہ شعبوں میں ملک اور بیرون ملک سے ماہرین کو بلایا جاتا ہے ۔اس کا بنیادی مقصد ہے کہ کمیونٹی کو عملی تربیت فراہم کی جائے تاکہ وہ معاشی امور میں خود کفالت حاصل کریں ۔انھوں نے کہا کہ ورکشاپ کے شرکاء نے اس کاروبار کو وسعت دینی ہے ۔نجی شعبہ کے تعاون سے کروڑوں روپے کی لاگت سے لوگوں کی تکنیکی معاونت سے انھیں کاروبار کی شروعات کرکہ دی جارہی ہیں ۔اگر آپ نے انھی اصولوں کی بنیاد پر اس کاروبار کو آگے بڑھایا تو یقیناً معاشرے میں بڑی حد تک معاشی آسودگی حاصل ہوگی ۔اس موقع پر ڈاکٹر جنید رحیم نے اپنے استقبالی خطبے میں مہمانوں کا شکریہ ادا کیا جبکہ ڈاکٹر عمر ایاز شیخ نے ورکشاپ کے اغراض و مقاصد کے حوالے سے اظہار خیال کیا ۔ریسورس پرسن ڈاکٹر خالد رفیق نے کہا کہ ورکشاپ میں ہم مکھیوں کی افزائش کے متعلق لوکل سطح پر پائی جانیوالی چند غلط فہمیوں کو دور کرتے ہوئے شہد کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے کیلئے جدید طریقوں کی عملی مشق کرینگے ۔انھوں نے کہا کہ عموماً کہا جاتا ہے کہ مکھیاں ہم سے بھاگ جاتی ہیں جبکہ ہم نے یہاں یہ سیکھنا ہے کہ مکھیاں آپ کے پیچھے کیسے چلیں گی ۔ریسورس پرسن نے زور دیا کہ شہد کی تجارتی بنیادوں پر پیداوار کیلئے روایتی طریقوں کو ترک کرکہ جدید طریقوں اور ٹیکنالوجی کو اپنانا ہوگا ۔ٹیکنالوجی کے استعمال سے مراد یہ بھی ہے کہ آپ نے مکھی کے مزاج ،رویوں ،ماحول اور دیگر ضروریات کو سمجھ کر اقدامات کرنا ہیں ۔


$T_8$
2,4-D 60
Seed

